اس سیکشن میں جانچی جانے والی زبان کی مہارتیں گریڈ 7 کے لیے **نیو یارک ریاست کے نیکسٹ جنریشن انگلش لینگویج آرٹس لرننگ اسٹینڈرڈز** کے زبان کے سیکشن پر مبنی ہیں، نیز وہ مہارتیں یا معیارات بھی شامل ہیں جو ابتدائی گریڈز میں متعارف کرائے جا چکے ہوں۔ ہر سوال آپ کو ایک جملہ، جملوں کی فہرست، یا نمبر والے جملوں کا حامل پیراگراف پڑھنے کی ہدایت کرتا ہے۔ پھر آپ سے زبان یا رموز اوقاف سے متعلق مسائل کو حل کرنے کے لیے استفسار کیا جاتا ہے۔ مثالوں میں شامل ہیں

- غلطی کی بہترین اصلاح کا انتخاب
- غلطی کے حامل جملے کی شناخت کرنا
- جملوں کو ملا کر یا جملے کے کچھ حصے پر نظر ثانی کر کے تحریر کو بہتر بنانا

حصہ B پر نظر ثانی/ترمیم کرنے کے لیے مشورے

باکس میں موجود متن کو پڑھیں اور وقت کا خیال رکھتے ہوئے نوٹس بنائیں یا اپنے مشاہدے میں آنے والے امور پر نشان لگانے کے لیے ہائی لائٹر ٹول کا استعمال کریں۔

- کیا کوئی ایسے الفاظ، فقرے یا جملے ہیں جنہیں زبان کے استعمال یا رموز اوقاف میں غلطی کی وجہ سے پڑھنا مشکل ہے؟
- کیا متن کا کوئی حصہ ایسا ہے جو زیادہ وضاحت، اختصار یا درست طور پر لکھا جا سکتا ہے؟
- جب آپ کو کوئی مسئلہ نظر آئے تو متن کو فوری طور پر ہائی لائٹ کریں۔ اس سے آپ کو جواب کا اختیار منتخب کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

اپنے ٹولز کے لیے منصوبہ بندی کریں۔

- فیصلہ کریں کہ اس سیکشن کے لیے آپ کون سے ٹولز استعمال کریں گے۔ کیا آپ ڈیجیٹل نوٹ پیڈ استعمال کریں گے یا فالتو کاغذ کا ٹکڑا استعمال کریں گے؟ کیا آپ ہائی لائٹر ٹول استعمال کریں گے؟ ٹیسٹ دینے سے پہلے مختلف ٹولز استعمال کرنے کی مشق کریں۔

اپنے وقت کے بارے میں منصوبہ بندی کریں۔

- ٹیسٹ کے دن سے پہلے، منصوبہ بنائیں کہ آپ اس سیکشن پر کتنا وقت صرف کریں گے۔ یاد رکھیں، ELA سیکشن کے دیگر حصوں کے برعکس، اگلے آئٹم پر جانے کے بعد، آپ پچھلے آئٹم کا جواب تبدیل کرنے کے لیے واپس جانے سے قاصر ہوں گے۔

حصہ B پر نظر ثانی/ترمیم کرنے کے لیے نمونہ سوالات

Sample 1: Select the sentence that needs a revision.

Which sentence in the paragraph should be revised to correct an inappropriate shift in verb tense?

(1) For 14 years, James and his dad have had a tradition of attending Yankees games together, but James is leaving for college next week, and he is agonizing over the fact that attending school in Pennsylvania and working there over the summer meant no more games with his dad. (2) One night, as James is packing his clothes into boxes, he hears a soft knock on his bedroom door. (3) As soon as he opens the door, James sees what is in his dad's hands and feels a rush of joy. (4) His dad is holding a bus ticket for a trip home on a weekend in the spring so that father and son can attend a Yankees game together!

A. Sentence 1
B. Sentence 2
C. Sentence 3
D. Sentence 4

اس پیراگراف کے لیے بہترین نظرثانیوں کا تعین کرنے کے لیے، پیراگراف میں جملہ 1 پڑھیں۔ اگر نظر ثانی کیے جانے کی ضرورت نہیں ہے تو، ہر جملے کو اور جوابی اختیار کو اس وقت تک پڑھنا جاری رکھیں جب تک آپ کو صحیح جواب نہ مل جائے۔

Sample 1 Explanation

(A) The sentence is written in the present tense; the verb "meant" shifts incorrectly into past tense. This verb should instead appear in the future tense, "will mean," since the verb refers to how things will be in the future. The corrected sentence will then read, "For 14 years, James and his dad have had a tradition of attending Yankees games together, but James is leaving for college next week, and he is agonizing over the fact that attending school in Pennsylvania and working there over the summer will mean no more games with his dad." The present tense, "means," could also be used, as James appears to be coming to this realization in present time. The use of "means" would make the corrected sentence read as follows: "For 14 years, James and his dad have had a tradition of attending Yankees games together, but James is leaving for college next week, and he is agonizing over the fact that attending school in Pennsylvania and working there over the summer means no more games with his dad."

Sample 2: Identify a sentence with an error.

Which sentence in the paragraph contains an error in its construction and should be revised?

(1) In 2007, visitors to San Francisco, many of whom were attending an international design conference, had booked almost all of the city's hotel rooms. (2) Looking for a way to earn some extra money, three air mattresses were rented out by roommates Joe Gebbia and Brian Chesky. (3) The 27-year-olds put the mattresses in the loft of their apartment and charged $80 a night, for which guests received a bed, breakfast, and internet access. (4) Soon the entrepreneurs realized that they could capitalize on their idea in a much bigger way, and they established Airbnb, a company that offers around 6 million rental listings in more than 100,000 cities worldwide.

E. sentence 1
F. sentence 2
G. sentence 3
H. sentence 4



ٹول کا مشورہ: جب آپ کو غلطی دکھائی دے تو اسے نشان زد کرنے کے لیے ہائی لائٹر کے استعمال پر غور کریں۔ لائن ریڈر ماسک بھی متن کی ہر سطر پر توجہ مرکوز کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

جملے کی شناخت کے لیے، وقت کا خیال رکھتے ہوئے احتیاط سے پڑھیں؛ صرف سرسری جائزہ مت لیں۔ غلطی پیراگراف میں کہیں بھی ہوسکتی ہے۔

نوٹ کریں کہ خرابی **تعمیر** کے حوالے سے مخصوص ہے، جس کا مطلب ہے کہ خیالات کے درمیان تعلق کی نمائندگی کے لیے الفاظ اور فقرے کو جملے میں کیسے رکھا جاتا ہے ۔

Sample 2 Explanation

(F) In sentence 2, the modifier "Looking for a way to earn some extra money" incorrectly modifies "three air mattresses" when it should modify "roommates Joe Gebbia and Brian Chesky." This error in construction can be corrected by making "roommates Joe Gebbia and Brian Chesky" the subject of the main clause and using the active voice. The corrected sentence will read "Looking for a way to earn some extra money, roommates Joe Gebbia and Brian Chesky rented out three air mattresses."

Sample 3: Improve the writing by combining sentences or revising part of a sentence.

What is the **best** way to combine these sentences to clarify the relationship between ideas?

> (1) In 2019, 15-year-old Cori "Coco" Gauff defeated Venus Williams in the first round of Wimbledon.
>
> (2) Wimbledon is the world's most prestigious tennis tournament.
>
> (3) Gauff made history as the youngest player in almost 30 years to win a women's singles match at Wimbledon.

A. Making history at the world's most prestigious tennis tournament in 2019, 15-year-old Cori "Coco" Gauff defeated Venus Williams, in the first round, making Gauff the youngest player in almost 30 years to win a women's singles match at Wimbledon.

B. At the world's most prestigious tennis tournament, Wimbledon, 15-year-old Cori "Coco" Gauff made history in 2019 by defeating Venus Williams in the first round, making the teenager the youngest player in almost 30 years to win a women's singles match.

C. In 2019, 15-year-old Cori "Coco" Gauff made history when she defeated Venus Williams in the first round of Wimbledon, becoming the youngest player in almost 30 years to win a women's singles match at the world's most prestigious tennis tournament.

D. In 2019, history was made at the first round of Wimbledon, the world's most prestigious tennis tournament, when 15-year-old Cori "Coco" Gauff defeated Venus Williams to become the youngest player in almost 30 years to win a women's singles match.

جملوں کو یکجا کرنے کے لیے، خود سے پوچھیں کہ

1. کیا کوئی دہرائے گئے الفاظ/خیالات ہیں جو صرف ایک بار استعمال کیے جا سکتے ہیں؟
2. مختلف نظریات کیسے جڑے ہوئے ہیں؟ کیا وہ ایک وجہ اور اثر، مخالف خیالات، ایک ترتیب وغیرہ کی نمائندگی کرتے ہیں؟

Sample 3 Explanation

(C) This revision clarifies the idea that Gauff made history by becoming the youngest player in decades to win a women's singles match at Wimbledon and that she did so when she beat Venus Williams. The revision also explains that Wimbledon is the "world's most prestigious tennis tournament" in a way that is clear and logical.

ریاضی کے سیکشن کی تیاری کیسے کریں

ریاضی کا سیکشن 50 لفظی مسائل اور حسابی سوالات پر مشتمل ہوتا ہے۔ ریاضی کے سوالات میں ریاضی کی مہارت، ریاضی کی اصطلاحات، اور **نیویارک اسٹیٹ نیکسٹ جنریشن ریاضی سیکھنے کے معیارات**(New York State Next Generation Mathematics Learning Standards) کے عمومی تصورات کا اطلاق شامل ہے۔ SHSAT ریاضی کے آئٹمز کے لیے آپ کو ریاضی کی جانی پہچانی مہارتوں کو پیچیدہ، کثیر مرحلہ مسائل پر لاگو کرنے کی ضرورت ہو گی۔

ریاضی کے سیکشن میں اگلے سوال کی طرف بڑھنے سے پہلے، آپ کو ہر سوال کا جواب دینا ہو گا۔ اگلے سوال پر جانے کے بعد آپ پچھلے سوال پر واپس جانے سے قاصر ہوں گے۔

اپنے ٹولز کی فہرست بنائیں

ہائی لائٹر		اس متن کو نمایاں کریں جسے آپ اہم کے طور پر نوٹ کرنا چاہتے ہیں۔
آنسر ایلیمینیٹر		جواب کے ان اختیارات کو کاٹ دیں جو آپ جانتے ہیں کہ درست نہیں ہیں۔
نوٹ پیڈ		نوٹس بنا لیں یا ریاضی کے مسائل حل کریں۔ ہر آئٹم کے لیے نوٹ پیڈ ریفریش ہو جائے گا۔
پنسل		ٹیسٹ کے آئٹمز یا عبارتوں پر ماؤس استعمال کرتے ہوئے نشانات لگائیں تاکہ سوالات کو حل کرنے میں مدد ملے۔ آپ پنسل کے نشانات کو انڈو، ریڈو، یا حذف کر سکتے ہیں۔
لائن ریڈر ماسک		ارتکاز کے لیے مخصوص لائنوں کے ارد گرد کا متن ڈھانپ دیں۔
ایکویشن ایڈیٹر		آپ کچھ سوالات کے جوابات داخل کرنے کے لیے ایکویشن ایڈیٹر کا استعمال کریں گے۔ اس ٹول سے واقفیت حاصل کریں تاکہ آپ اسے آسانی سے استعمال کر سکیں۔

مندرجہ ذیل صفحات آپ کو SHSAT میں ریاضی کا حصہ حل کرنے کی تیاری میں مدد کرنے کے لیے مختلف مشوروں کا خاکہ پیش کرتے ہیں۔ ان میں درج ذیل شامل ہیں:

- اپنی ریاضی کی مہارتوں کو بہتر بنانے کے لیے مشورے
- SHSAT کے ریاضی کے سیکشن کی توقعات کے بارے میں ذہن نشین رکھنے کے لیے نکات
- ریاضی کے مسائل حل کرنے کے لیے مشورے

گریڈ 8 کے ٹیسٹ فارمز میں ریاضی کے سوالات نیو یارک اسٹیٹ میں گریڈ 7 تک کے لیے سیکھنے کے معیارات پر مبنی ہیں۔ گریڈ 9 کے ٹیسٹ کے فارمز میں ریاضی کے سوالات گریڈ 8 تک کے معیارات پر مبنی ہیں۔

اپنی ریاضی کی مہارت کو بہتر بنانے کے لیے مشورے

ریاضی کے وسائل کا جائزہ لیں۔

- اپنی ریاضی کی نصابی کتاب کا استعمال کریں، اسکول یا اپنی مقامی لائبریری میں ریاضی کے دیگر وسائل تلاش کریں، یا اپنے استاد سے تقاضا کریں کہ وہ آپ کو استعمال کرنے کے لیے وسائل تجویز کریں۔

ہر روز ریاضی کے سوالات حل کرنے کی مشق کریں۔ بنیادی اور مشکل دونوں طرح کے سوالات کو حل کریں۔

- بنیادی سوالات ریاضی کی مہارتوں کو تقویت دیتے ہیں جیسے کہ کسر کو سادہ شکل دینا اور شماریات کے تصورات کو لاگو کرنا۔
- زیادہ چیلنجنگ سوالات کے لیے متعدد مراحل کے ساتھ پیچیدہ مساوات قائم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان کے لیے مختلف قسم کی ریاضی کی مہارتیں استعمال کرنے کی بھی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ مثال کے طور پر، آپ ایک سوال حل کرنے کے لیے کسر استعمال کر سکتے ہیں، مساوات کو حل کر سکتے ہیں، اور ایک سوال کا جواب دینے کے لیے اعداد و شمار کے اپنے علم کا اطلاق کر سکتے ہیں۔

ریاضی کے سیکشن کی تیاری کرتے وقت ذہن میں رکھنے لائق چیزیں

ریاضی کی اصطلاحات، علامات اور فارمولوں کا جائزہ لیں۔

- آپ کو ریاضی کی ایسی اصطلاحات جو آپ کے گریڈ لیول کے لیے موزوں ہیں، ان کے معنی نیز وہ علامتیں جو ان اصطلاحات کی نمائندگی کرتی ہیں، معلوم ہونی چاہیئیں جیسے کہ "متوازی" اور "عمودی"۔
- ریاضی کی اصطلاحات، علامات اور فارمولوں، کا مطالعہ کریں، جیسے محیط، رقبہ، حجم اور 2 اور 3 مختلف جہتی اشکال کے سطحی رقبے کے فارمولے۔ اپنی ریاضی کی کلاسوں سے حاصل کردہ مواد استعمال کریں اور نیویارک ریاست کے نیکسٹ جنریشن میتھمیٹکس لرننگ کے معیارات ملاحظہ کریں۔ نیو یارک ریاست کے ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائٹس پر فارمولے اور حوالہ جاتی مواد بھی دستیاب ہیں۔
- اصطلاحات، علامات اور فارمولوں کی تعریفیں اور وضاحتیں ٹیسٹ کے کتابچے میں فراہم نہیں کی جائیں گی۔ انہیں استعمال کرتے ہوئے سوالات حل کرنے کی مشق کریں، یہاں تک کہ فارمولے آپ کو یاد ہو جائیں اور آپ انہیں آسانی سے استعمال کر سکیں۔
- ایکویشن ایڈیٹر پیلیٹ پر موجود ریاضی کی علامتوں کے معنی اور صحیح استعمال کا جائزہ لیں جیسے قوسین ()، جزر، اور ضرب ڈاٹ۔

اپنے ٹولز کے لیے منصوبہ بندی کریں۔



- طے کریں کہ آپ ریاضی کے سیکشن میں کون سے ٹولز استعمال کریں گے۔ کیا آپ ڈیجیٹل نوٹ پیڈ ٹول استعمال کریں گے یا فالتو کاغذ استعمال کریں گے؟ کیا آپ سوال کے اہم حصوں کو ہائی لائٹ کریں گے؟ خود کو اسٹوڈنٹ ریڈی نیس ٹول میں موجود ٹولز اور آئٹمز کی اقسام سے روشناس کروائیں۔

اپنے وقت کے بارے میں منصوبہ بندی کریں۔



- ٹیسٹ کے دن سے پہلے، منصوبہ بنائیں کہ آپ ریاضی کے سیکشن پر کتنا وقت صرف کریں گے۔ یاد رکھیں، اگلے سوال پر جانے کے بعد آپ پچھلے پر واپس نہیں جا سکتے۔

ریاضی کے مسائل حل کرنے کے لیے مشورہ

ہر سوال کو غور سے پڑھیں۔

- احتیاط سے پڑھیں تاکہ آپ سوال میں موجود **تمام** اہم معلومات کا استعمال کرتے ہوئے پیچیدہ مسائل کو درست طریقے سے ترتیب دے سکیں۔
- یقینی بنائیں کہ آپ نوٹ کریں کہ سوال کو مکمل طور پر حل کرنے کے لیے کتنے جوابات یا انتخاب درکار ہیں۔
- سوال کے حصوں کو ہائی لائٹ کریں، جیسا کہ نمونہ 1 میں ہے، تاکہ مسئلہ حل کرتے وقت تمام معلومات شامل ہو سکیں۔
- ان جوابات کو نشان زد کرنے کے لیے آنسر ایلیمینیٹر کا استعمال کریں جو آپ کے خیال میں غلط ہیں۔
- سوال میں موجود الفاظ کو ریاضی کی علامتوں میں تبدیل کریں (جیسا کہ نمونہ 1 اور نمونہ 2 میں بتایا گیا ہے)۔ فیصلہ کریں کہ آیا آپ فالتو کاغذ استعمال کریں گے یا ڈیجیٹل نوٹ پیڈ استعمال کریں گے۔ اگر آپ ریاضی کے مسائل حل کرنے کے لیے فالتو کاغذ استعمال کرنے کے عادی ہیں تو آپ کے لیے فالتو کاغذ کا استعمال جلدی کام کرنے کا ذریعہ ہو سکتا ہے۔ آپ کو وہ طریقہ منتخب کرنا چاہیئے جو آپ کے لیے بہترین ہو۔

زیادہ تر سوالات کو جواب نکال کر حل کرنا چاہیے۔

- جواب کے اختیارات کو دیکھنے **سے پہلے** مسئلے کو حل کرنا، پہلے جواب کے اختیارات کو دیکھنے اور **پھر** درست جواب حاصل کرنے کے لیے ہر ایک کی درستگی کا اندازہ لگانے کی کوشش کرنے سے زیادہ مؤثر ہوتا ہے۔

مسائل کو کاغذ پر حل کرنا (بجائے اس کے یہ صرف اپنے ذہن میں کیا جائے) اور منتخب کرنےکے بجائے حل کرنے پر توجہ دینا بہترین طریقہ ہوتا ہے۔

- جب آپ کو جواب مل جائے تو درج کردہ انتخاب کا جائزہ لیں۔ اگر آپ کا جواب انتخابات میں شامل ہے، اور آپ کو یقین ہے کہ یہ صحیح جواب ہے، تو اس پر نشان لگائیں۔ اگر ایسا نہیں ہے تو سوال کو دوبارہ پڑھیں اور اسے دوبارہ حل کریں۔
- اگر آپ کا جواب، جواب کے اختیارات میں شامل نہیں ہے،تو اپنا جواب لکھنے کے دوسرے طریقوں پر غور کریں۔ مثال کے طور پر، $\frac{5}{9}(3 + x)$ مندرجہ ذیل تمام کے برابر ہے:

  $\frac{5(3 + x)}{9}$ اور $\frac{5}{9}x + \frac{5}{3}$ اور $\frac{5x}{9} + \frac{5}{3}$۔
- اگر آپ کا جواب پھر بھی دیے گئے جواب کے آپشنز میں شامل نہ ہو، تو اپنا بہترین اندازہ لگائیں۔

Sample 1

+ x, x+1 = −15

The sum of two consecutive integers is −15. If 1 is added to the smaller integer and 2 is subtracted from the larger integer, what is the **product** of the two resulting integers?

Sample 2

J 2K J−5 K+5

Jenny starts a game with twice as many marbles as Keiko. Jenny gives Keiko 5 marbles, but she still has 10 more than Keiko. How many marbles did Jenny have to start with?

+10

A. ~~25~~

B. 30

C. 35

D. 40

J=2K

J−5=(K+5)+10



ٹول کا مشورہ: ان جوابات کو نشان زد کرنے کے لیے آنسر ایلیمینیٹر کا استعمال کریں جو آپ کے خیال میں غلط ہیں۔




ٹول کا مشورہ: آپ پنسل ٹول یا ڈیجیٹل نوٹ پیڈ استعمال کرنا چاہیں گے، یا آپ سکریپ پیپر استعمال کرنا پسند کر سکتے ہیں۔

ایسے سوالات کے لیے شکلیں یا خاکے بنائیں جن میں وہ شامل نہیں ہیں۔

نیچے دی گئی مثال کی طرح شکلیں یا خاکے بنائیں تاکہ آپ کو یہ تصور کرنے میں مدد مل سکے کہ سوال کیا بیان کر رہا ہے۔

Sample 3



The perimeter of a rectangle is 510 centimeters. The ratio of the length to the width is 3:2. What are the dimensions of this rectangle?

E. 150 cm by 105 cm
F. 153 cm by 102 cm
G. 158 cm by 97 cm
H. 165 cm by 90 cm

ڈائیگرام بنائیں اور خاکوں کو لیبل کریں۔

ٹول کا مشورہ: فیصلہ کریں کہ آیا آپ نوٹس لینے کے لیے پنسل ٹول یا ڈیجیٹل نوٹ پیڈ استعمال کریں گے، یا خاکہ بنانے کے لیے سکریپ پیپر استعمال کریں گے۔

ایک وقت میں ایک قدم اٹھائیں۔

کچھ سوالات آپ سے اقدامات کے ایک سلسلے کو یکجا کرنے کا تقاضا کرتے ہیں۔ کثیر مرحلہ جاتی مسائل کو حل کرنے کے لیے ایک وقت میں ایک مرحلہ لکھیں، جیسا کہ ذیل کی مثال میں ہے۔

Sample 4

1 dollar = 7 lorgs
1 dollar = 0.5 dalt

Malik has 140 lorgs and 16 dalts. If he exchanges the lorgs and dalts for dollars according to the rates above, how many dollars will he receive?

A. $28
B. $52
C. $182
D. $282

$\frac{140}{x} = \frac{7}{1}$

$7x = 140$

$x = \$20$

مرحلہ 1: لورگز کو ڈالر میں تبدیل کریں۔

$\frac{16}{x} = \frac{0.5}{1}$

$0.5x = 16$

$x = \$32$

مرحلہ 2: ڈالٹس کو ڈالر میں تبدیل کریں۔

$20 + 32 = \$52$

لورگ اور دال کے اپنے تبادلوں کو ایک ساتھ شامل کریں ۔

Sample 1 Explanation

If x is the smaller consecutive integer, then x +1 is the larger consecutive integer. Use their sum −15 to find x:

$x + (x + 1) = -15$
$2x + 1 = -15$
$2x = -16$
$x = -8$

The two consecutive integers are −8 and −7.
One is added to the smaller integer: −8 + 1 = −7.
Two is subtracted from the larger integer: −7 – 2 = −9.
Find the product: $-7 \times -9 = 63$.

Sample 2 Explanation

(D) Set up some equations.

Jenny (J) has twice as many marbles as Keiko (K): $J = 2K$
Jenny gives Keiko 5 marbles, so now they each have: $J - 5$ and $K + 5$ marbles.
Jenny still has 10 more than Keiko:
J – 5 = (K + 5) + 10

To find how many marbles Jenny had to start with, solve $J = 2K$ for K and substitute that into the second equation:

In equation $J = 2K$, solve for K: $K = \frac{J}{2}$.
Substitute $\frac{J}{2}$ in for K.

$J - 5 = (K + 5) + 10$

$J - 5 = \left(\frac{J}{2} + 5\right) + 10$


$J - 5 = \frac{J}{2} + 15$

$\frac{J}{2} = 20$

$J = 40$ marbles

Sample 3 Explanation

(F) Let $2x$ = the width and $3x$ = the length.
Draw the rectangle to help visualize.



Since $2w + 2l = P$, we get

$2(2x) + 2(3x) = 510$
$4x + 6x = 510$
$10x = 510$
$x = 51$
$2x = 102$cm and $3x = 153$ cm

Sample 4 Explanation

(B) Use proportions to make the conversions:

Lorgs to dollars:

$$\frac{140}{x} = \frac{7}{1}$$

$7x = 140$

$x = \$20$

Dalts to dollars:

$$\frac{16}{x} = \frac{0.5}{1}$$

$0.5x = 16$

$x = \$32$

Total dollars = 20 + 32 = $52

2.0 امتحان کے دن کے لیے تیار ہوں

2.1 اپنے امتحانی سیشن میں کیا ساتھ لانا ہے

آپ کے لیے امتحانی شیشنز میں ذیل کی چیزیں ساتھ لانا لازمی ہے:

- معاون ٹیکنالوجی (اگر آپکے IEP اور امتحانی ٹکٹ میں ظاہر کیا گیا ہے)

آپ لا سکتے ہیں، مگر لانا درکار نہیں ہے:

- اپنا SHSAT امتحان ٹکٹ
- سلانٹ بورڈ
- تراشیدہ پینسلیں اور اریزر
- پینسل گرپ
- ہائی لائٹر
- ایک گھڑی جو بے آواز ہو اور ایک کیلکولیٹر **نہ** ہو۔
- ایک شور نہ کرنے والا، بغیر لپیٹا گیا اسنیک (طلباء اپنے اسنیک امتحان کا انعقاد شروع ہونے سے قبل کھا سکتے ہیں؛ امتحانی وقت کے دوران اسنیکس کی اجازت نہیں ہے۔)
- پانی (ایک نرم یا پلاسٹک کی بوتل میں جو اگر گرے تو شور نہ ہو)

2.2 کیا نہ لے کر آئیں

اجازت نہیں ہے

- ✗ اپنا خود کا کمپیوٹر (آپ کو امتحان دینے کے لیے ایک ڈیواسئس دی جائے گی)
- ✗ کیمرے
- ✗ کیلکولیٹرز
- ✗ اسمارٹ واچز
- ✗ ٹیبلٹ/iPad، ای بُک ریڈر
- ✗ ایئر باڈز، غیر برقیاتی ایئر پاڈز، اسمارٹ عینک، سیل فونز، کوئی بھی دیگر الیکٹرانک آلات
- ✗ باہر سے لکھ کر لایا گیا مواد
- ✗ پانی کے علاوہ سوڈا، جوس، یا کوئی دیگر مشروبات؛ پانی واحد مشروب ہے جس کی امتحانی مرکز میں اجازت ہے

سیل فونز کے بارے میں نوٹ

سیل فونز کی امتحانی مرکز پر اجازت ہے، لیکن:

1. انہیں بند ہونا چاہیئے

2. آپ ان کو امتحان کے دوران اپنے پاس نہیں رکھ سکتے— اس کا مطلب ہے کہ وہ آپ کی جیب، ہاتھ یا ڈیسک پر نہیں ہوسکتے۔

امتحان کی جگہ پر آپ کو امتحان شروع ہونے سے قبل بتا دیا جائے گا کہ آپ فون کو کہاں رکھیں۔ آپ کو ہدایات دی جائیں گی کہ امتحانی مرکز کی جانب سے مقرر کردہ ضوابط کے مطابق سیل فونز، کیمرے، اور دیگر الیکٹرانک آلات بند کر دیں اور جمع کروا دیں۔

فراہم کیا جائے گا

- امتحان دینے کے لیے ایک کمپیوٹر ڈیوائس۔
- ردی کاغذوں کو نوٹس لکھنے یا ریاضی کا حساب کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے، اور اسے امتحان کے اختتام پر اکٹھا کیا جائے گا۔
- صرف ELLs اور اہلیت کے حامل سابقہ ELLs کو امتحان کے لیے ایک دولسانی لغت کی رسائی حاصل ہے۔ ELL امتحانی معاونتوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے SHSAT ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

2.3 امتحان کے دن کی توقعات

- اگر آپ اسکول دن کے دوران امتحان دے رہے ہیں، وقت پراسکول آئیں ماسوائے کہ اسکول نے آپ کو کوئی اور آنے کا وقت دیا ہو۔
- اگر آپ ہفتہ اتوار میں امتحان دے رہے ہیں، اپنے SHSAT امتحانی ٹکٹ پر درج کیے گئے وقت پر امتحانی مرکز پہنچنا یقینی بنائیں۔ برائے مہربانی نوٹ کریں کہ یہ آمد کا وقت ہے، امتحان کے شروع ہونے کا وقت نہیں۔ آپ کے امتحان کے ٹکٹ کے وقت کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو سکے گا امتحان کا آغاز کر دیا جائے گا۔ کچھ صورتوں میں، امتحان کا آغاز امتحان کے ٹکٹ پر درج وقت کے ایک گھنٹے یا زیادہ بعد میں ہوسکتا ہے۔
- ہفتہ اتوار کے مقامات پر، امتحان کے آغاز سے قبل، ہمارا مرکز کا عملہ ہر امتحانی کمرے میں طلباء کی ایک تصویر یا ویڈیو بنا سکتا ہے۔ یہ تصاویر صرف امتحان کے حفاظتی مقاصد کے لیے استعمال ہوں گی۔
- امتحان دینے کے عام وقت کے حامل طلباء کے پاس امتحان دینے کے لیے 180 منٹ ہوں گے۔ سہولیات کے حامل طلباء کے پاس امتحان دینے کے لیے 360 منٹ ہوں گے۔ اس سہولت کے حامل طلباء کو 180 منٹ پورے ہونے پر، اور پھر دوبارہ مزید 90 منٹ گزر جانے کے بعد ایک وقفہ ملے گا۔

2.4 امتحان شروع کرنا

امتحان لینے سے پہلے، آپ اسکرین پر ایک تصدیقی بیانیہ پڑھیں گے جو بیان کرتا ہے کہ آپ امتحان دینے کے لیے بالکل ٹھیک ٹھاک ہیں، نیو یارک شہر کے مکین ہیں، اور درست گریڈ کی سطح کا امتحان دے رہے ہیں۔ اس اسکرین پر باکس پر نشان لگانا آپ کے متفق ہونے کی نشاندہی کرتا ہے۔

- اگر آپ کی طبعیت ناساز ہے، تو آپ کو امتحان کے نگران کو فوراً مطلع کرنا چاہیے؛ آپ کو تصدیقی اسکرین پر باکس پر نشان نہیں لگانا چاہیے اور نہ ہی امتحان شروع کرنا چاہیے۔ ایک بار جب آپ امتحان شروع کرلیں، تو آپ بیماری کی وجہ سے تلافی کی درخواست نہیں کرسکتے۔
- اطمینان کر لیں کہ آپ درست گریڈ کی سطح کا امتحان دے رہے ہیں۔
- اگر آپ اسکول دن کے دوران امتحان دے رہے ہیں، وقت پراسکول آئیں ماسوائے کہ اسکول نے آپ کو کوئی اور آنے کا وقت دیا ہو۔

جب آپ کو امتحان شروع کرنے کا کہا جائے، آپ کو ہر آئٹم کا جواب منتخب کرنے کے بارے میں ہدایات کو پڑھ کر اس پر عمل کرنا لازمی ہے۔

آپ کام کرنے کے لیے فراہم کردہ ردی کاغذ پر ELA یا ریاضی کے سوالات حل کرنے کے لیے لکھ سکتے ہیں، لیکن انہیں شمار کیے جانے کے لیے آپ کے جوابات کا آن لائن فارم میں منتخب کیے جانا لازمی ہے۔ وقت ختم ہونے کے بعد سوالات کا جواب دینا ممکن نہیں ہو گا۔ ردی کاغذ پر درج معلومات شمار نہیں ہوں گی۔

2.5 طلباء کی بدعملی

ذیلی قوانین پر سختی سے عمل کیا جائے گا تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ تمام طلباء کو ایک صاف شفاف امتحانی تجربہ فراہم کیا جا سکے اور SHSAT اسکورز کو دیانتداری سے محفوظ کیا جا سکے۔

- طلباء سے الیکٹرانک آلات سے متعلق جز 2.2 میں دیے گئےمطلوبات پر عمل کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔ کوئی طالب علم جو ممنوعہ آلہ ایک طرف رکھنے یا دینے سے انکار کرے گا اسے امتحان نہیں دینے دیا جائے گا اور نہ ہی مستقبل کی کسی تاریخ پر تلافی امتحان کا موقع فراہم کیا جائے گا۔
- امتحان کے دوران (وقفے سمیت) آپ کسی بھی طریقے سے دیگر طلباء سے رابطہ کرنے کی کوشش نہیں کر سکتے۔ اس میں شامل ہیں، لیکن انہی تک محدود نہیں:
  - بولنا، لکھنا اور نوٹس آگے پکڑانا
  - اپنے جوابات کو دوسرے طالب علم کے ساتھ شیئر کرنا
  - دوسرے طلباء کے جوابات دیکھنا
  - امتحانی سوالات کو ریکارڈ کرنا
  - آپ کے پاس ایک سیل فون، کیمرہ یا دیگر برقی آلہ ہونا (خواہ یہ بند ہی کیوں نہ ہو)
- امتحان کے دوران (وقفے سمیت)، آپ اپنے امتحانے آلے کو امتحان کے علاوہ کسی اور چیز کے لیے استعمال نہیں کر سکتے، اور آپ کو سوائے ٹیسٹنگ پلیٹ فارم کے کسی اور ایپلیکیشن تک رسائی حاصل نہیں ہوگی۔
- امتحان کے دوران (وقفے سمیت)، آپ کوئی ممنوعہ الیکٹرانک آلہ استعمال نہیں کر سکتے، بشمول اپنے سیل فون کے۔
- جب امتحان ختم ہو جائے اور/ یا امتحان نگران آپ کو ختم کرنے کو کہے، آپ مزید کوئی ڈیجیٹل آلہ استعمال نہیں کر سکتے، جوابات درج نہیں کر سکتے، اپنے ردی کاغذ پر لکھ نہیں سکتے یا اسکرین پر اپنے سوالات میں کوئی تبدیلی نہیں کر سکتے۔
- امتحانی مرکز سے باہر امتحانی سوالات اور جوابات کسی فرد کو نہیں بتائے جا سکتے۔ امتحانی سوالات، جوابات، یا کسی طالب علم امتحان کے بارے میں کوئی اور معلومات حاصل کرنا بھی طالب علم بد فعلی پالیسی کی خلاف ورزی ہے۔ اگر کوئی آپ کے ساتھ امتحانی سوالات / جوابات شیئر کرتا ہے، یا آپ جانتے ہیں ایسی معلومات آپس میں بھیجی جا رہی ہیں، آپ سے توقع کی جاتی ہے کہ اس خلاف ورزی کے اطلاع فوراً HSenrollment@schools.nyc.gov. پر دیں۔

ان سرگرمیوں میں کسی میں مشغول پائے گئے طلباء کے امتحان کو کالعدم قرار دیا جائے گا۔

- گریڈ 8 کے طلباء کو اگلے تعلیمی سال تک دوبارہ امتحان دینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔
- گریڈ 9 کے طلباء کو گریڈ 9 کے بعد امتحان دینے کے کوئی اضافی مواقع نہیں ملیں گے۔

نیو یارک شہر پبلک اسکولز یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ کسی خلاف ورزی پر بشمول مگر اسی تک محدود نہیں، اوپر دی گئی صورتوں میں طالب علم کے امتحان کو کالعدم قرار دے سکتا ہے۔ اس کے علاوہ، NYCPS کے پاس اختیار ہے کہ بدعملی کی تمام خدشات کی تفتیش کرے، قطع نظر کہ طالب علم نیو یارک شہر پبلک اسکول میں مندرج ہے یا نہیں؛ اگر زیر نظر طالب علم ایک غیر NYCPS اسکول کا ہے، NYCPS توقع کرتا ہے کہ اس طالب علم کا اسکول ممبینہ بد عملی کے بارے میں معلومات جمع کرنے میں مکمل تعاون کرے گا۔

3.0 میرے SHSAT دینے کے بعد کیا ہوتا ہے؟

3.1 امتحانی بے ضابطگیوں کے دعوے

نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) پوری کوشش کرتا ہے کہ SHSAT تمام طلباء کے لیے ایک منصفانہ اور یکساں انداز میں لیا جائے۔ تاہم، اگر آپ سمجھتے ہیں کہ SHSAT کے کسی بھی حصے میں خلل اندازی یا امتحانی بے قاعدگی موجود ہے تو آپ کو اس معاملے کے متعلق نگران کو فوراً مطلع کرنا چاہیئے۔ اس میں طالب علم کی بیماری، تکنیکی مشکلات، امتحان میں کوئی غلطی، بےجا خلل اندزی، یا طالب علم کا نامناسب طرزعمل شامل ہو سکتے ہیں۔ نگران معاملے کو درست کرنے کی کوشش کرے گا اور ہو سکتا ہے کہ امتحان کے آخر میں آپ سے تحریری بیان حاصل کرے۔

آپ اور آپکے والدین / سرپرست بھی کسی مشتبہ نگرانی یا امتحانی بے قاعدگی کی اطلاع ان طریقوں میں سے کسی ایک طریقے سے کرسکتے ہیں:

1) ایک الیکٹرانک درخواست **HSEnrollment@schools.nyc.gov** پر جمع کروا کر، یا

2) موصول ہونے کے ثبوت کے ساتھ سرٹیفائیڈ ڈاک کے ذریعے ایک تحریری درخواست یہاں بھیج کر:

Office of Student Enrollment
Chambers Street, Room 415 52
New York, NY 10007

تمام درخواستیں آپ کے امتحان کے انعقاد کی تاریخ کے بعد **ایک ہفتے** سے زیادہ دیر سے جمع نہیں کروانی چاہییں۔

تمام دعووں کے لیے براہِ کرم والدین/ سرپرست اور طالب علم کے نام اور ساتھ ہی ٹیلی فون اور / یا ای میل معلوماتِ رابطہ شامل کریں۔ امتحانی بے قاعدگی کے ایسے کسی بھی دعوے کو زیر غور نہیں لایا جائے گا جن پر امتحان کے انعقاد کی تاریخ سے ایک ہفتہ بعد کی ڈاک مہر لگی ہو گی۔ دعووں کا انفرادی بنیاد پر جواب دیا جائے گا۔

اضافی تدارک: اگر آپ NYCPS کی امتحانی بے ضابطگیوں پر اپنی اپیل کے بارے میں کاروائی سے غیرمطمئین ہیں، آپ NYCPS کے فیصلے کی اپیل نیویارک ریاست محکمۂ تعلیم کے کمشنر سے کرسکتے ہیں جیسا کہ نیویارک ریاست تعلیمی قانون 310 میں بیان کیا گیا ہے۔ ایسی اپیل کو کیسے آگے بڑھایا جائے اس بارے میں کمشنر کی ویب سائٹ **counsel.nysed.gov/appeals** پر جانیں۔